ABC CERTIFIED
URL: www.sadaehaq.com حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ جنوبی اضلاع کا کثیرالاشاعت روزنامہ
Facebook: https://www.facebook.com/SADA-E-HAQ-154327625406749/

The Daily SADAEHAQ Dera Ismail Khan

اور حق بات کو جھوٹ کے پردے میں مت چھپاؤ...........(القرآن)

Reiteration P No DK-1

روزنامہ صدائے حق ڈیرہ اسماعیل خان

صفحات 8

چیف ایڈیٹر
محمد اصغر چوہدری

جلد نمبر:25 | ہفتہ 8 اپریل 2023ء 26 چیت 17 رمضان 1444ھ | شمارہ نمبر:229

# اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے بیوہ کو حق مل گیا

## انسانی حقوق کی وزارت سے بیوہ کو دس سال بعد 32 لاکھ روپے کے بقایا جات مل گئے

## وزیراعظم امدادی پیکج کے مطابق ساٹھ سال کی عمر تک اس کی پوری تنخواہ بیوہ کو ملنا تھی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے انسانی حقوق کی وزارت سے بیوہ کو دس سال بعد 32 لاکھ روپے کے بقایا جات مل گئے جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو شاید مجھے یہ رقم نہ ملتی۔ تفصیلات کے مطابق محمد لطیف، نیشنل ٹرسٹ برائے معذوران (این ٹی ڈی) میں ڈرائیور تھا جو 07 دسمبر 2014 کو دوران سروس وفات پا گیا۔ وزیراعظم امدادی پیکج کے مطابق ساٹھ سال کی عمر تک اس کی پوری تنخواہ بیوہ کو ملنا تھی۔ اپریل 2021 میں بیوہ کو پوری تنخواہ تو ملنا شروع ہو گئی مگر 7 دسمبر 2014 سے 31 مارچ 2021 تک کے بقایا جات اسے ادا نہ کئے گئے جو 32 لاکھ روپے بنتے تھے۔ مرحوم کی بیوہ اپنا حق لینے کیلئے سالہا سال تک مختلف دفاتر کے چکر لگاتی رہی لیکن بے سود۔ بیوہ نے مجبور ہو کر وفاقی محتسب میں درخواست دی جہاں کیس کی سماعت کے دوران این ٹی ڈی کے نمائندے نے بتایا کہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث شکایت کنندہ کے بقایا جات ادا نہیں کئے جا سکے۔ اس نے مزید بتایا کہ این ٹی ڈی کے تمام ملازمین کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپیشل ایجوکیشن میں ٹرانسفر کر دیا گیا تھا جو وزارت انسانی حقوق کے ماتحت ہے۔ اگلی سماعت پر وزارت انسانی حقوق کے سیکشن آفیسر نے تحریری یقین دہانی کرائی کہ 31 جولائی 2022 تک 32 لاکھ روپے کی رقم اسپیشل ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کو ٹرانسفر کر دی جائے گی۔ وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ بیوہ کو 45 دن کے اندر اس کے بقایا جات ادا کئے جائیں لیکن انسانی حقوق کی وزارت ایک غریب بیوہ کو یہ حق دینے میں لیت و لعل کرتی رہی۔ بالآخر وفاقی محتسب کے کنسلٹنٹ عملدرآمد ونگ پرویز حلیم کی مسلسل کوششوں سے حال ہی میں وزارت انسانی حقوق نے بیوہ کو مطلوبہ رقم مبلغ 32 لاکھ روپے ادا کر دی ہے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت اخبار
قیمت 15 روپے

Mob:0300-6346726
Email:dailyapnibat@gmail.com

روزنامہ
ABC Certified
عوام کی اپنی بات
# اپنی بات ملتان

چیف ایڈیٹر: امجد رفیق علوی

| جلد نمبر 17 | ہفتہ 17 رمضان المبارک 1444ھ 08 اپریل 2023 | شمارہ 278 |
| --- | --- | --- |

# وفاقی محتسب کا حکم، محکمہ اسٹیٹ لائف نے چھ لاکھ 73 ہزار کا ڈیتھ کلیم جاری کر دیا

## کسی محکمہ کی بدانتظامی قابل قبول نہیں، محکمے اپنا قبلہ درست کریں، ڈاکٹر زاہد ملک

میلسی (عقیل اختر جوئیہ سے) وفاقی محتسب کا حکم، محکمہ اسٹیٹ لائف نے چھ لاکھ 73 ہزار کا ڈیتھ کلیم جاری کر دیا۔ کسی محکمہ کی بدانتظامی قابل قبول نہیں، محکمے اپنا قبلہ درست کریں، ڈاکٹر زاہد ملک۔ خانیوال کے رہائشی محمد حیات نے وفاقی محتسب ملتان دفتر میں شکایت درج کروائی کہ اس کی بیوی نے محکمہ اسٹیٹ لائف سے ایک پالیسی خرید کی، جس کے بعد اس کا انتقال ہو گیا، بندہ نے اس پالیسی کا ڈیتھ کلیم فارم جمع کروایا لیکن محکمہ اس کی دادرسی نہیں کر رہا، جس پر وفاقی محتسب کے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے تفتیش مکمل کی اور محکمہ اسٹیٹ لائف کو فوری ڈیتھ کلیم دینے کا حکم صادر کیا، جسے فوری عملدرآمد کروایا گیا اور محکمہ اسٹیٹ لائف نے ایک ہفتہ کے اندر شکائت کنندہ کو 6 لاکھ 73 ہزار روپے کی رقم ادا کر دی جس پر شکائت کنندہ نے ڈاکٹر زاہد ملک اور وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کیا، ڈاکٹر زاہد ملک کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کے تمام فیصلوں کو جلد از جلد عملدرآمد کروائیں گے اور اس میں کسی قسم کی کوئی سستی



برداشت نہیں کی جائے گی، ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے ہیں، تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی



اللہ جسے چاہے عز

E.MAIL dailynayakal@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED — صحافت میں سچ کا علمبردار

ایگزیکٹو ایڈیٹر۔۔۔علی مراد صدیقی

بانی: نذر محمد بھٹی مرحوم

روزنامہ نیا کل ملتان پاکستان

DAILY NAYAKAL MULTAN

ایڈیٹر کوآرڈنیشن: چوہدری شکیل گجر

چیف ایڈیٹر: محمد جہانگیر بھٹی

ایڈیٹر: سہیل شہزاد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 17 رمضان 1444ھ، 8 اپریل 2023ء، 26 چیت (صفحات 8 قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 196


# وفاقی محتسب کا حکم، چھ لاکھ 73 ہزار کا ڈیتھ کلیم جاری

## کسی محکمہ کی بدانتظامی قابل قبول نہیں، محکمے اپنا قبلہ درست کریں

شجاع آباد سٹی رپورٹر وفاقی محتسب کا حکم، محکمہ اسٹیٹ لائف نے چھ لاکھ 73 ہزار کا ڈیتھ کلیم جاری کر دیا۔ کسی محکمہ کی بدانتظامی قابل قبول نہیں، محکمے اپنا قبلہ درست کریں، ڈاکٹر زاہد ملک۔ملتان ( ) خانیوال کے رہائشی محمد حیات نے وفاقی محتسب ملتان دفتر میں شکایت درج کروائی کہ اس کی بیوی نے محکمہ اسٹیٹ لائف سے ایک پالیسی خرید کی، جس کے بعد اس کا انتقال ہو گیا، بندہ نے اس پالیسی کا ڈیتھ کلیم فارم جمع کروایا لیکن محکمہ اس کی دادرسی نہیں کر رہا، جس پر وفاقی محتسب کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک نے تفتیش مکمل کی اور محکمہ اسٹیٹ لائف کو فوری ڈیتھ کلیم دینے کا حکم صادر کیا، جسے فوری عملدرآمد کروایا گیا اور محکمہ اسٹیٹ لائف نے ایک ہفتہ کے اندر شکائت کنندہ کو 6 لاکھ 73 ہزار روپے کی رقم ادا کر دی جس پر شکائت کنندہ نے ڈاکٹر زاہد ملک اور وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا



شجاع آباد وفاقی محتسب ملتان ڈاکٹر زاہد ملک میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

کیا، ڈاکٹر زاہد ملک کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کے تمام فیصلوں کو جلد از جلد عملدرآمد کروائیں گے اور اس میں کسی قسم کی کوئی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے ہیں، تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔